Maulana Azad National Urdu University
B.A VI Semester Examination - September - 2020
پرچہ: نظیر اکبرآبادی
BAUR601DST: Nazeer Akbarabadi

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. نظیر اکبرآبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(a) سید ولی محمد (b) سید علی محمد (c) نظیر احمد (d) محمد نظیر

ii. سید محمد فاروق، نظیر اکبرآبادی کے کون تھے؟

(a) بھائی (b) چچا (c) والد (d) دادا

iii. نظیر اکبرآبادی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(a) دہلی (b) آگرہ (c) متھرا (d) میرٹھ

iv. نظیر اکبرآبادی کی وفات کب ہوئی؟

(a) 1827 (b) 1828 (c) 1829 (d) 1830

v. کس مشہور نقاد نے کہا تھا کہ ''اردو شاعری کے آسمان پر نظیر اکبرآبادی کی ہستی تنہا ستارہ کی طرح درخشاں ہے۔''

(a) محمد حسن (b) آل احمد سرور (c) کلیم الدین احمد (d) مجنوں گورکھپوری

vi. نظیر اکبرآبادی کو نوجوانی میں اس دور کے کس بڑے شاعر سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا؟

(a) میر تقی میر (b) مرزا سودا (c) میر درد (d) مرزا غالب

vii. مندرجہ ذیل میں سے نظیر اکبرآبادی کی نظموں کا اہم موضوع کیا ہے؟

(a) درد و کرب (b) عوامی زندگی کی عکاسی (c) اعلیٰ طبقے کی عکاسی (d) فطری مناظر کی عکاسی

viii. مصرعہ مکمل کیجیے۔

جب پھاگن رنگ جھمکتے ہوں تب دیکھ بہاریں.......کی

(a) عید (b) شب برات (c) ہولی (d) دیوالی

ix. خالی جگہ پُر کیجیے۔

دنیا میں ....ہے سو ہے وہ بھی آدمی اور مفلس وگدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

(a) بادشاہ (b) فقیر (c) عالم (d) صوفی

x. کس نظم میں نظیر اکبرآبادی نے دنیا کی بے ثباتی اور ناپائیداری کا نقشہ کھینچا ہے؟

(a) کلجگ (b) بنجارہ نامہ (c) مفلسی (d) آدمی نامہ

حصہ دوم

2. نظیر اکبرآبادی کے حالاتِ زندگی بیان کیجیے۔

3. نظیر اکبرآبادی کی شخصیت کے نمایاں پہلوؤں سے واقف کرائیے۔

4. نظم ''کوا اور ہرن کا بچہ'' میں نظیر اکبرآبادی نے کیا درس دیا ہے؟

5. نظیر اکبرآبادی کی نظموں کی انفرادیت اجاگر کیجیے۔

6. نظم ''دوالی'' میں شاعر نے اس تہوار کے کون سے نمایاں پہلو بیان کیے ہیں؟

7. ''برسات کی بہاریں'' میں نظیر اکبرآبادی نے برسات کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

8. نظم ''آدمی نامہ'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

9. مندرجہ ذیل میں سے چار (4) اشعار کی تشریح کیجیے۔

الف۔ دور سے آئے تھے ساقی، سُن کے میخانے کو ہم — بس ترستے ہی چلے، افسوس، پیمانے کو ہم

ب۔ باغ میں لگتا نہیں، صحرا سے گھبراتا ہے دل — اب کہاں لے جا کے بیٹھیں، ایسے دیوانے کو ہم

ج۔ اب ترے رونے کا عالم حد سے گزرا ہے نظیر — اشک نے تیرے تو سب جل تھل نکل کر بھر دیے

د۔ ہم پست نگاہوں کی نظر میں تو نظیر، آہ — سب ارض و سما کا ہے گلستان، تماشا

ہ۔ جس نے دیکھا وہ رخِ انور تو اُس کو عمر بھر — پھر نہ روئے مہر خوش آیا نہ چہرہ ماہ کا

و۔ اس میں کیا طاقت جو مالک ہو کوئی بُت اے نظیر — جان بھی اللہ کی اور مال بھی اللہ کا

حصہ سوم

10. نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

11. نظیر اکبرآبادی کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

12. نظیر اکبرآبادی کو اردو کا سب سے بڑا عوامی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

13. نظم ''بنجارہ نامہ'' کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

14. نظم ''برسات کی بہاریں'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

☆☆☆